# پاکستان ریلوے پشاور ڈویژن

## شرائط برائے نیلامی ریلوے زرمین:

### شرائط نیلام برائے دوکانات:

(۱) نیلامی کا وقت صبح 09 بجے سے شام 03 بجے تک ہوگا۔ ایک دفعہ بولی ہو جانے کے بعد کوئی شکایت (Claim) قبول نہ ہوگی۔ (۲) دکانات کی نیلامی برائے کرایہ داری پانچ سال (قابل توسیع مزید پانچ سال اس وقت پالیسی کے مطابق) کے لئے ہوگی۔ (۳) نیلامی سالانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی جبکہ پریمیم فکسڈ ہوگا۔ (۴) ہر دکان کے لئے علیحدہ شمولیتی فیس (ناقابل واپسی) (۵) شمولیت سے قبل زرضمانت سیکیورٹی کسی بھی مجاز بینک کی شاخ سے سی۔ڈی۔آر بنام ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر، پاکستان ریلوے پشاور بمعہ تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی ہر دکان کے لیے علیحدہ علیحدہ آکشن کمیٹی کے پاس جمع کرائی جائے گی۔ (۶) کامیاب بولی دہندہ کو پہلے سے تعمیر شدہ دکانات کے پریمیم کا 40% موقع پر ادا کرنا ہوگا اور مجاز افسر کی منظوری کے بعد 20% ایگریمنٹ سے پہلے، 20% چھ ماہ بعد اور 20%، نو ماہ کے بعد رقم جمع کرنا ہوگی۔ اور چھ ماہ کا کرایہ اور چھ ماہ کے کرایہ کے برابر سیکیورٹی رقم ایگریمنٹ سے پہلے جمع کرنا ہوگی۔ ورنہ نیلامی کینسل تصور ہوگی اور جمع شدہ زرضمانت ضبط کرلی جائے گی۔ (۷)۔ دکان کا قبضہ Agreement کے بعد دیا جائے گا۔ (۸) مجاز آفیسر کسی بھی وقت بولی کو بغیر وجہ بتائے منسوخ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ (۹) ریلوے کا پرانے لائسنسی آکشن سے پہلے اسٹام پیپر پر اپنے تمام بقایاجات کا Clearance Certificate حاصل کریگا۔ ورنہ بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔ (۱۰) کامیاب قرار دیے والے لائسنسی ریلوے کے جاری کردہ پالیسی کا پابند ہوگا۔

### شرائط نیلام برائے زرعی زمین

(۱) منظور شدہ زرعی اراضی، پلاٹ شیڈول میں دیئے گئے مدت کے لئے نیلام کی جائے گی۔ مدت ختم ہونے کے بعد زمین دوبارہ نیلام کی جائے گی۔ (۲) وسائل آبپاشی کا انتظام ٹھیکیدار کو خود کرنا ہوگا۔ (۳) منظور شدہ نیلامی ریٹ پر ہر سال پلاٹ کا ایڈوانس کرایہ لیا جائے گا۔ (۴) تمام بولی دہندگان ہر پلاٹ کی نیلامی کے لئے علیحدہ علیحدہ مجوزہ شمولیتی فیس بولی کے وقت جمع کرائے گا جو کہ ناقابل واپسی ہوگا۔ اور ہر بولی دہندہ -/Rs.50,000 بڈ سیکیورٹی بذریعہ (Cash Deposit Receipt (CDR کسی بھی مجاز بینک سے جاری کردہ ہو بطور Bid Security (قابل واپسی) بنام ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی ہر پلاٹ کے لئے علیحدہ علیحدہ بولی کے وقت جمع کرانے ہونگے نیز پرانے ٹھیکیدار کو ایک عدد بیان حلف اس بات کی دینی ہوگی کہ سائل محکمہ ریلوے سمیت کسی بھی سرکاری محکمہ کا نہ تو بقایادار ہے اور نہ ہی کسی قانونی کارروائی میں مبتلا ہے ورنہ نیلامی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ زرضمانت کی کال ڈپازٹ / بنک ڈرافٹ پہلے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ باقی لوگوں کو واپس کردی جائے گی۔ جبکہ کامیاب بولی دہندگان کو 50% واجبات موقع پر جمع کرنے ہوں گے اور باقی 50% ایگریمنٹ کرنے کے بعد جمع کرنے ہوں گے۔

### شرائط نیلامی برائے پارکنگ ماڈل بازار وغیرہ کمرشل مقاصد کے لئے:

(۱) یہ پلاٹس ماڈل بازار، پارکنگ جیسی کمرشل مقاصد کیلئے استعمال کئے جائینگے۔ (۲) مدت میعاد ہر پلاٹ کے سامنے درج ہے۔ (۳) تمام بولی دہندگان کو زرعی کے لئے ہر پلاٹ کی نیلامی کے لئے پانچ ہزار علیحدہ علیحدہ Participation Fee جمع کرانا ہوگی۔ پارکنگ، ماڈل بازار اور دکانات کی نیلامی کے لئے دس ہزار (Rs.10,000) نقد بطور Participation Fee جمع کرانا ہوگی۔ بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔ ہر بولی دہندہ بڈ سیکیورٹی شیڈول میں دئے گئے ریٹ کے مطابق بذریعہ (Cash Deposit Receipt (CDR کسی بھی مجاز بینک سے جاری کردہ ہو بطور Bid Security (قابل واپسی) بنام ڈویژنل، اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی ہر پلاٹ کے لئے علیحدہ علیحدہ بولی کے وقت جمع کرانے ہونگے ورنہ نیلامی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ (۳) زرضمانت کی CDR کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ باقی لوگوں کو واپس کردی جائیگی۔ (۴) جبکہ کامیاب بولی دہندگان کو تمام واجبات ادا کرنے اور ایگریمنٹ کرنے کے بعد قبضہ دیا جائیگا۔ (۵) کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ باقی ماندہ دہندگان کی CDR موقع پر Release کردی جائیگی، اور Released CDR دوسری بولی میں شمولیت کے لئے قابل قبول نہیں ہوگی۔ (۶) پارکنگ میں کسی قسم کی عارضی یا مستقل تعمیر نہیں کرے گا خلاف ورزی کی صورت میں اجازت نامہ منسوخ کر دیا جائے گا اور جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی۔ پارکنگ کی بولی سالانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی۔ (۷) بعض وجوہات کی بنا پر آکشن کمیٹی کے ممبران دوران نیلامی مزید سیکیورٹی نقد رقم کی صورت میں جمع کرنے کے مجاز ہوں گے۔ (۸) تمام مقاصد کے لئے لائسنسی وفاقی اور صوبائی حکومتوں، لوکل / میونسپل کمیٹی، کینٹونمنٹ کی طرف سے لگائے جانے والے تمام ٹیکسوں کی ادائیگی اور NOC لینے کا پابند ہوگا۔

<u>یہ کاغذات / شرائط لینڈ برانچ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آفس پاکستان ریلوے پشاور کینٹ میں کسی بھی ایام کار میں دیکھے جاسکتے ہیں اور یہ معلومات پاکستان ریلوے کی ویب سائٹ (www.pakrail.gov.pk) اور پیپرا کی ویب سائٹ (www.ppra.org.pk) پر بھی ملاحضہ کیے جاسکتے ہیں۔</u>

(ملک سکندر عباس کھوکھر)
ڈپٹی ڈائریکٹر / پراپرٹی اینڈ لینڈ
برائے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ، پاکستان ریلوے پشاور ڈویژن فون نمبر: 091-9210323

CamScanner

# پاکستان ریلویز پشاور ڈویژن

## نوٹس نیلامی زائدالمعیاد لیز شدہ ریلوے دوکانات (05+05 سال کے لئے)

| نمبر | مقام ریلوے دکانات | تعداد دکانات | Bid زرضمانت سیکیورٹی بذریعہ CDR | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مردان ریلوے سٹیشن باغ ارم روڈ | 05 | ڈیڑھ لاکھ | 29.08.2024 |
| 2 | نزد کابل ریور ریلوے سٹیشن (REDAMCO Shops) | 10 | ڈیڑھ لاکھ | 29.08.2024 |
| 3 | اٹک سٹی ریلوے سٹیشن نزد فوڈ گودام | 25 | ڈیڑھ لاکھ | 30.08.2024 |
| 4 | کندیاں ریلوے سٹیشن | 26 | ڈیڑھ لاکھ | 30.08.2024 |
| 5 | نزد حاجی کیمپ پھاٹک | 05 | ڈیڑھ لاکھ | 31.08.2024 |
| 6 | نزد نورنگ ریلوے سٹیشن | 457 | ڈیڑھ لاکھ | 31.08.2024, 02.09.2024 & 03.09.2024 |
| 7 | کارخانوں مارکیٹ، پشاور | 48 | ڈیڑھ لاکھ | 06.09.2024 |
| 8 | دالہ ذاک روڈ، پشاور (اولڈ شاپس) | 372 | ڈیڑھ لاکھ | 16.09.2024 to 24.09.2024 |
| 9 | نزد فردوس پھاٹک | 01 | ڈیڑھ لاکھ | 09.09.2024 |
| 10 | میانوالی ریلوے سٹیشن | 96 | ڈیڑھ لاکھ | 09.09.2024 to 13.09.2024 |

CamScanner

# پاکستان ریلوے پشاور ڈویژن

## نوٹس نیلامی عام (لیز) ریلوے پلاٹ برائے پارکنگ، ماڈل بازار

| نمبر شمار | مقام اراضی | سیکشن | تعداد پلاٹ | رقبہ پلاٹ Sft میں | مقصد استعمال | زیادہ سے زیادہ معیاد | مقام نیلامی | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نزد پھاٹک نمبر 117 (کلومیٹر 1627/6-7)، اکوڑہ خٹک | اٹک-پشاور | 1 | 9324 | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 2 | نزد پھاٹک نمبر 117 (اکوڑہ خٹک پھاٹک) نوشہرہ | اٹک-پشاور | 1 | 5400 | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 3 | نزد کاخانوں مارکیٹ، پشاور | پشاور-لنڈیکوتل | 2 | 6000 (Each) | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 4 | نزد پھاٹک نمبر A/2، سی-ایم-ایچ، نوشہرہ | نوشہرہ-درگئی | 1 | 9200 | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 5 | نزد شیخ ملتون (KM No.17/11-12) | نوشہرہ-درگئی | 1 | 16065 | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 6 | نزد سرائے نورنگ ریلوے سٹیشن | بنوں-لکی مروت | 1 | 5400 | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 7 | لاری اڈہ کالاباغ | ماڑی-کالاباغ | 1 | 8000 | پارکنگ | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 24.08.2024 |
| 8 | نزد برج نمبر 30، رشکئی | نوشہرہ-درگئی | 1 | 16200 | ماڈل بازار | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 23.08.2024 |
| 9 | نزد مردان اڈہ پھاٹک نمبر 30 | نوشہرہ-درگئی | 1 | 4050 | ماڈل بازار | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 23.08.2024 |
| 10 | نزد کاخانوں مارکیٹ، پشاور | پشاور-لنڈیکوتل | 1 | 5460 | ماڈل بازار | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 23.08.2024 |
| 11 | نزد کلپانی ریلوے سٹیشن | نوشہرہ-درگئی | 1 | 10400 | ماڈل بازار | صرف ایک سال | پشاور کینٹ ریلوے سٹیشن | 23.08.2024 |

CS CamScanner